تنقید و تبصرہ

شعلہ و شبنم از جناب جوش ملیح آبادی ضخامت ۳۵۰ صفحات تقطیع ۲۰×۲۷ طباعت و کتابت بہت عمدہ اور دیدہ زیب۔ کاغذ چکنا اور سفید قیمت مجلد ۵ روپے

ملنے کا پتہ :- کتب خانہ رشیدیہ جامع مسجد اردو بازار دہلی۔

جوش صاحب کی دو کتابوں کا تعارف ہم برہان کی کسی گذشتہ اشاعت میں کرا چکے ہیں۔ اب ان کی زیر تبصرہ کتاب موصول ہوئی ہے جس کو پہلی دو کتابوں کی طرح کتب خانہ رشیدیہ نے بڑی اہتمام و انتظام کے ساتھ شائع کیا ہے۔ یہ مجموعہ جوش کے کلام کا سب سے بڑا مجموعہ ہے۔ اس مجموعہ میں جوش کا جو کلام شائع ہوا ہے وہ چار بڑے بڑے عنوانوں پر تقسیم ہے۔ پہلا عنوان ہے "آتش کدہ" دوسرا "رنگ و بو" تیسرا "اسلامیات" اور چوتھا "بادۂ سرجوش" ہر عنوان کے ماتحت طویل و مختصر نظمیں اور غزلیں ہیں جن میں کلام جوش کی خصوصیات یعنی زور بیان، ندرت تشبیہات و استعارات، روانی و پرگوئی بے باکی و جراُت اظہار، نقاشی و مصوری پورے طور پر نمایاں ہیں۔ اس مجموعہ کی لوح پر جوش صاحب کا یہ مصرع لکھا ہوا ہے "اس انجمن گل میں شعلے بھی ہیں شبنم بھی"۔ یہ مصرع "شعلہ و شبنم" کا واقعی ترجمان ہے " آپ خواہ کسی جماعتی خیال کے پابند ہوں...... اس کتاب کو اوّل سے آخر تک پڑھنے کے بعد محسوس کریں گے کہ آپ کو شعلے بھی ملے ہیں اور شبنم بھی۔ کتاب کی جلد بہت مضبوط اور ڈسٹ کور بہت خوبصورت۔

نقش و نگار از جناب جوش ملیح آبادی۔ ضخامت ۱۸۸ صفحات تقطیع ۲۰×۲۷ طباعت کتابت نہایت عمدہ اور دیدہ زیب بہترین ولایتی کاغذ ڈسٹ کور بہت خوبصورت اور جاذب نظر